© rasailojaraid.com

ساغر اقبالی

# زبان میری ہے بات ان کی

☆ محمد علی جناح نے اپنی تقریر میں واضح کیا حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے تیرہ سو سال پہلے جمہوریت کی بنیاد رکھ دی تھی۔ (منیر احمد منیر)

یہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم پر تہمت ہے۔ جمہوریت (اکثریت) تو بتوں کی پوجا کی قائل تھی اور ابوجہل قائد جمہوریت تھا۔

☆ سودی نظام ایک سال کیلئے برقرار (ایک خبر)

یعنی حکومت مزید ایک سال کے لئے اللہ اور رسول صلی اللہ علیہ وسلم سے جنگ جاری رکھے گی

☆ اوکاڑہ کے جھوٹے نبی کو ۲۰ سال قید پچاس ہزار روپے جرمانہ (ایک خبر)

اسلامی حکومت ہوتی تو پھانسی دے دی جاتی

☆ جنرل پرویز مشرف صدر بن گئے (ایک خبر)

جس کی لاٹھی اس کی بھینس

☆ سی ٹی بی ٹی کی مخالفت کرنے والے بدنیت ہیں (وزیر خارجہ)

اور سی ٹی بی ٹی کی حمایت کرنے والے امریکی ایجنٹ ہیں

☆ بے نظیر یاد آتی ہیں مگر کیا کرسکتا ہوں! (آصف زرداری)

مجھے اکثر وہ چشموں کے کنارے یاد آتے ہیں
وہ وعدہ تم ہمارے، ہم تمہارے یاد آتے ہیں

☆ ووٹر نے امیدوار کو نمازی بنادیا (ایک خبر)

زہے قسمت! اللہ تعالیٰ استقامت عطا فرمائے (آمین)

☆ جہاں غیر قانونی اسلحہ کی اطلاع ملی چادر چاردیواری کا خیال نہیں رکھیں گے (وزیر داخلہ)

بھلے سڑکوں پر دہشت گرد دندناتے پھریں!

☆ مفت روٹی۔ مفت ٹکٹ۔ اسلام آباد کی دعوت مس نہیں کروں گا۔ (پیر پگاڑہ)

جی ایچ کیو سے پرانا رابطہ ہے

☆ ''حقہ ہٹادیں'' ''غیر ملکی صحافی'' ''ڈاکٹر کی نہیں مانی آپ کی کیسے مان لوں'' (نوابزادہ نصر اللہ)

حقہ حکم خدا دا تے ٹوپی نا معقول
میں ڈاکٹر دی نئیں منی توں دھواں کر قبول

© rasailojaraid.com